© rasailojaraid.com



مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: نجم الفتاویٰ حصہ سوم ۔ مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچوی مدظلہ فاضل دیوبند
ضخامت: ۵۰۰ صفحات۔ قیمت : ۲۵۰ روپے ناشر: شعبہ تصنیف و تالیف نجم المدارس کلاچی۔ ڈیرہ اسماعیل خان

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچوی مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند کا نام نامی اور اسم گرامی نہ تعارف کا محتاج ہے اور نہ تعریف کی آپ حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ کے شاگرد رشید ان کی اعلیٰ نسبتوں کے امین ہیں اور فی الوقت یادگار اسلاف ہیں۔ ان کی علمی تدریسی تصنیفی اور ملی خدمات نصف صدی سے زیادہ عرصہ پر محیط ہیں۔ آپ درس و تدریس وعظ و خطابت اور تصنیف و تالیف کے ساتھ ساتھ فتویٰ نویسی کا اہتمام بھی باقاعدگی سے کرتے ہیں اور اب تک ہزاروں کی تعداد میں فتاویٰ آپ کے قلم فیض رقم سے نکل چکے ہیں جس کی دو جلدیں مرتب اور شائع ہو کر منظر عام پر آئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب آپ کے فتاویٰ جات کا تیسرا حصہ ہے جس میں دو درجن سے زیادہ کتابوں کے مسائل کے بارہ میں استفسارات ہیں جیسے کتاب الصلوٰۃ' کتاب الصوم' کتاب الزکوٰۃ والعشر کتاب الصید والذبائح کتاب الاضحیہ' کتاب الحظر والاباحہ کتاب الایمان والنذور' کتاب الحدود والتعزیرات' کتاب الجنابات' کتاب الجہاد' کتاب المزارعت' کتاب الربوا' کتاب الدعویٰ' کتاب القضاء کتاب الکفالہ کتاب الغصب' کتاب اللقطہ' کتاب الشرکۃ' کتاب الشفع' کتاب الوصایا' کتاب الولاء' کتاب الوکالۃ کتاب الصلح کتاب الوقف اور کتاب الھبہ حضرت قاضی صاحب مدظلہ نے ان تمام کتب کے تحت مختلف استفسارات کے جوابات بہت محنت اور عرقریزی سے تحریر فرمائے ہیں جس کے ہر سطر سے آپ کی مہارت اور پختگی جھلکتی ہے۔ امید ہے کہ سابقہ جلدوں کی طرح یہ تیسری جلد بھی قبولیت عامہ حاصل کرے گی۔

---

ماہنامہ الاحسن کراچی خصوصی اشاعت بیاد حضرت مولانا سید صباح احسن صاحب قدس سرہ (جلد' شمارہ نمبر اور تاریخ درج نہیں)
زیرادارت: شیخ الحدیث والتفسیر مولانا مفتی زرولی خان صاحب ضخامت: ۲۰۸ صفحات۔
قیمت : ۷۰/- روپے ناشر: الجامعۃ العربیہ احسن العلوم گلشن اقبال بلاک نمبر ۲ کراچی

الجامعۃ العربیہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی کے مشہور استاذ اور شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب مدظلہ کے بہت پرانے اور رفیق خاص حضرت مولانا سید صباح احسن صاحب قدس سرہ جن کا انتقال

© rasailojaraid.com